A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

ماڈل پیپر اردو لازمی (حصہ معروضی) دہم کلاس سال 17-2016 و مابعد

کل نمبر 15 وقت 20 منٹ

سوال نمبر 1۔دیئے گئے سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے متعلقہ دائرے کو مارکر سے بھر دیجئے کاٹ کر یا مٹا کر پر کرنے یا ایک سے زیادہ دائرے پر کرنے کی صورت میں جواب غلط تصور ہو گا۔

1۔سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟

A) رشید احمد صدیقی　B) شاہد احمد دہلوی　C) نذیر احمد دہلوی　D) اشرف صبوحی

2۔یہ مصرع "چاند جب عید کا نظر آیا" کس شاعر کا ہے؟

A) حفیظ جالندھری　B) عبدالمجید سالک　C) طالب الہ آبادی　D) مولانا حالی

3) سبق "ملمع" کے ماخذ کا نام ہے

A) چرکے　B) چوری چھپے　C) اندھیرے اجالے　D) سب افسانے میرے

4) چغل خور کون سا کام جانتا تھا

A) لوہے کا　B) لکڑی کا　C) کھیتی باڑی کا　D) معماری کا

5) مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے

A) اورنگ آباد میں　B) الہ آباد میں　C) حیدر آباد میں　D) اسلام آباد میں

6) علی بخش کو زمین دی گئی

A) جبل پور میں　B) لائل پور میں　C) میر پور میں　D) علی پور میں

7) مرزا غالب نے میر مجروح کو خط لکھا

A) 3۔نومبر 1859ء　B) 8۔نومبر 1859ء　C) 13۔نومبر 1859ء　D) 15۔نومبر 1859ء

8) میر انیس کے مطابق پتھر پگھل کر ہو گئے تھے؟

A) راکھ　B) خاک　C) موم خام　D) سیاہ فام

9) نظم "فاطمہ بنت عبداللہ" کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟

A) بانگ درا　B) بال جبریل　C) ضرب کلیم　D) ارمغان حجاز

10) فراق گورکھ پوری کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟

A) ایک ماہ سے　B) ایک سال سے　C) ایک عرصے سے　D) ایک مدت سے

11) کلمہ کی قسمیں ہیں۔

A) دو　B) تین　C) چار　D) پانچ

12) ان حروف میں حرف جار ہے

A) درمیان　B) اور　C) چنانچہ　D) کہ

13)۔"مرد بزرگ" گرائمر کی رو سے ہے

A) مرکب عطفی　B) مرکب توصیفی　C) مرکب عددی　D) مرکب جاری

Result.pk

14) "فرشتہ "کا درست تلفظ ہے

A) فَرشتہ　B) فِرشتہ　C) فَرِشتہ　D) فرِشتہ

15) "انکشاف" کا درست تلفظ ہے

A) اِنکِشاف　B) اِنکَشاف　C) اَنکَشاف　D) اَنکِشاف


رب نواز ہیڈ ماسٹر
گورنمنٹ ہائی سکول سلیم آباد راجن پور
رابطہ نمبر:0333-6452988

صفدرالحق سینئر او۔ٹی
سنٹر آف ایکسیلنس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر1 ڈیرہ غازیخان
رابطہ نمبر:0333-8577277


Result.pk

ماڈل پیپر اردو لازمی (حصہ انشائیہ) دہم کلاس سال 17-2016 و مابعد

کل نمبر 60 وقت 2:10 گھنٹے

سوال نمبر2.(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے (حصہ نظم میں سے تین اشعار اور حصہ غزل میں سے دو اشعار)

5x2=10

(حصہ نظم)

i) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

ii) اصولِ محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوب پروردگار آ گیا ہے

iii) گرمی یہ تھی کہ انسانیت سے دل سب کے سرد تھے — پتے بھی مثلِ چہرہ مدقوق زرد تھے

iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

(حصہ غزل)

v) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

vii) یہ فخر تو حاصل ہے، برے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

سوال نمبر3.درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔

10=5+5=2+1/2+1/2+2

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفرو الحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جارواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔

(ب) شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ پون ٹوٹی کونی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دارالبقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔

سوال نمبر4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے 10=5x2

i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟ ii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

iii) افسانہ کی مختصر تعریف کیجئے؟ iv) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

v) فاطمہ کو "راکھ میں دبی ہوئی چنگاری" کیوں کہا گیا ہے؟ vi) نظم "جیوے جیوے پاکستان" کا تخلیق کار کون ہے؟

vii) حسرت موہانی کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟ viii) جگر مراد آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

سوال نمبر5. کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے (الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) استنبول

5

سوال نمبر6.دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کیجئے (الف)وقت کی پابندی (ب) تعلیم نسواں (ج) عیدین

15

سوال نمبر7. درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے؟ 10=5x2

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ، جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لا تعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہ شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

(سوالات) i) عبارت کا مناسب عنوان لکھیے؟ ii) تختہ، جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

iv) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟ v) شاہ خاور سے کیا مراد ہے؟


رب نواز ہیڈ ماسٹر (0333-6452988)
گورنمنٹ ہائی سکول سلیم آباد راجن پور

صفدر الحق سینئر او ٹی (0333-8577277)
سنٹر آف ایکسیلنس گورنمنٹ ہائی سکول نمبر1 ڈیرہ غازیخان


Result.pk